6493-کیا بیوی حرام اشیاء کی فروخت کرنے والے خاوند سے حج کا خرچہ حاصل کرلے

سوال

میرا خاوند ہوٹل کا مالک ہے اوراس میں شراب اورخنزیر کی فروخت کرتا ہے ، میرے دو بچے بھی ہیں میں ان شاء اللہ دوسال کے بعد حج کرنا چاہتی ہوں ، میرے خاوند نے کہا ہے کہ حج کا سارا خرچ وہ برداشت کرے گا اس لیے کہ میری کوئی آمدنی نہیں اور نہ ہی میں یہ چاہتی ہوں کہ میرے بچوں کی تربیت کوئی دوسرا شخص کرے تو کیا یہ جائز ہے ؟

مجھے کیا کرنا چاہیے ؟ مجھے علم ہے کہ میں اور میرے بچے ابھی چھوٹی عمر کے ہیں لیکن میں حج کرنا چاہتی ہوں لھذا مجھے کیا کرنا ہوگا ؟

پسندیدہ جواب

ہم نے مندرجہ ذیل سوال فضیلۃ الشیخ عبداللہ بن جبرین حفظہ اللہ تعالی کے سامنے رکھا :

ایک شخص شراب اورخنزیر فروخت کرتا ہے ، کیا اس بیوی کے لیے فریضہ حج کی ادائیگی کے لیے خاوند سے حج کا خرچہ لینا جائز ہے ؟

توشیخ حفظہ اللہ تعالی کا جواب تھا :

نہیں ۔۔۔۔۔ جائز نہیں اوراس عورت کا شمار حج کی طاقت نہ رکھنے والوں میں گا ۔۔